مجلس عاملہ کے اجلاس منعقدہ 18 مارچ 2025ء کی حاضری

01۔	جناب محمد صدیق خاں	میسرز راجپوت انٹرنیشنل پلاٹ نمبر 21-اے سمال انڈسٹریل اسٹیٹ نمبر 2 کھیالی گوجرانوالہ
02۔	جناب احمد نوید رانجھا	میسرز رانجھا ٹریڈرز نیلم کلاتھ مارکیٹ گلی قصاباں والی گوجرانوالہ
03۔	جناب محمد علی یاسمین بٹ	میسرز برورز میٹل ورکس پرائیویٹ لمیٹڈ عقب عروسیہ فین شیخوپور روڈ گوجرانوالہ
04۔	جناب فیصل ستار مغل	میسرز گلڈن پولیٹک پرائیویٹ لمیٹڈ مختار کالونی نزد جامع عربیہ جی ٹی روڈ گوجرانوالہ
06۔	جناب فہد توصیف	میسرز فہد احسان سلک فیکٹری رتہ روڈ فرید ٹاؤن قبرستان روڈ گوجرانوالہ
07۔	جناب حسن ثقلین	میسرز شریف انٹرپرائزز کوہلو والہ گلہ نزد شاہین کنڈے والا گلہ گوجرانوالہ
08۔	محترم فیصل ایوب	میسرز احسن ڈائنگ مرکز صنعت جی ٹی روڈ گوجرانوالہ
09۔	محترم محمد فرحان نسیم	میسرز فرحان ٹریڈرز نزد کوئین گارڈن سکول گوندلا انوالہ روڈ گوجرانوالہ
10۔	جناب سہیل حسین	میسرز سہیل ٹریڈرز شیخوپورہ روڈ خورشید عالم سٹریٹ نمبر 1 گوجرانوالہ
11۔	جناب قیصر جبار	قیصر انٹرپرائزز سپر سٹیل مارکیٹ شیخوپورہ روڈ نزد ABL بینک گوجرانوالہ
12۔	جناب محمد اظہر اسلم	میسرز بلیس انجینئرنگ کمپنی پرائیویٹ لمیٹڈ سیالکوٹ بائپاس نزد ایجوکیشن بورڈ گوجرانوالہ
13۔	جناب شہزاد اسلم	میسرز شہزاد فیبرکس ہسپتال روڈ سول لائن گوجرانوالہ
14۔	جناب سید عدیل بخاری	میسرز این اے یمپکس کچھا شیخوپورہ روڈ بالمقابل سابقہ بنک آف پنجاب گوجرانوالہ
15۔	جناب سعد جمیل	میسرز ڈائمنڈ انٹریئرز کنسلٹنس 11 ستلج ڈی سی کالونی گوجرانوالہ
16۔	جناب محمد طارق	میسرز ایم ٹی ٹریڈرز کنال روڈ سٹی ہاؤسنگ گوجرانوالہ
17۔	جناب اویس احمد ڈار	میسرز ہارون سینٹری سٹور گلی نمبر 3 نور باوا بازار خراداں والہ گوجرانوالہ
18۔	جناب میاں عتیق الرحمان	میسرز عتیق اینڈ کمپنی گلی نمبر 9 محلہ شاہین آباد گلشن اقبال پارک روڈ بلاک ڈی گوجرانوالہ
19۔	جناب عمران ریاض	میسرز عمران الیکٹریکل انڈسٹری میگا سٹریٹ کنگنی والا جی ٹی روڈ گوجرانوالہ
20۔	جناب عقیل انور ڈار	میسرز ڈار الیکٹریکل انڈسٹری نزد انکم ٹیکس آفس گلہ پاور لنک والا جی ٹی روڈ گوجرانوالہ
21۔	جناب ساجد حسین	میسرز خالد کارپوریشن بھروکی روڈ نزد جوڈیشنل کالونی وزیر آباد گوجرانوالہ
22۔	جناب عادل بٹ	میسرز العادل سٹین لیس سٹیل گلی نمبر 11 بادی مہر وزیر نوشہرہ روڈ گوجرانوالہ
23۔	جناب ولید منیر	میسرز نشوا ایمبرائیڈری نزد ٹوٹل پٹرول پمپ پنڈی بائپاس گوجرانوالہ
24۔	جناب یاسر عثمان کھوکھر	میسرز ثاقب ٹریڈرز الجاویہ حاجی سراج دین کورٹ گوجرانوالہ

اسفندیار بیگ
قائمقام سیکرٹری جنرل

مجلس عاملہ کا اجلاس صدر گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس جناب محمد صدیق خاں کی زیر صدارت مورخہ 18 مارچ 2025ء بروز منگل کو چیمبر آف کامرس میں منعقد ہوا جس میں درج ذیل ایجنڈے پر کاروائی کی گئی۔

1۔ **تلاوت قرآن پاک۔**

اجلاس کا باقاعدہ آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا تلاوت کی سعادت جناب فیصل ستار صاحب نے حاصل کی۔

2۔ **درود پاک کی خاموش تلاوت۔**

تلاوت کلام پاک کے بعد تمام حاضرین نے درود پاک کی خاموش تلاوت کی۔

3۔ **درخواست برائے معذرت۔**

صدر جناب محمد صدیق خاں نے درخواست برائے معذرت کا ایجنڈا پیش کرتے ہوئے پوچھا کہ کسی کی درخواست برائے معذرت موصول ہوئی ہے؟ قائمقام سیکرٹری جنرل جناب اسفند یار بیگ نے بتایا کہ جناب مہر اشرف، جناب ملک راشد، جناب چوہدری یوسف صاحب، جناب حافظ محسن زبیر، جناب عامر محبوب، جناب وقاص انور، جناب علیم ملک، محترمہ عائشہ اعجاز اور محترمہ رفعت پروین کی درخواست برائے معذرت موصول ہوئیں ہیں۔ اس کے بعد ہاؤس نے متفقہ طور پر ان کی درخواست برائے معذرت منظور کر لیں۔

4۔ **مجلس عاملہ کا اجلاس مورخہ 31 جنوری 2025ء کی کاروائی برائے توثیق**

صدر جناب محمد صدیق خاں نے مجلس عاملہ کا اجلاس مورخہ 31 جنوری 2025ء کی کاروائی برائے توثیق کا ایجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔ ہاؤس نے متفقہ طور پر مجلس عاملہ کا اجلاس مورخہ 31 جنوری 2025ء کی کاروائی کی توثیق کر دی۔

5۔ **آمدن و آخراجات کی منظوری برائے ماہ دسمبر 2024ء**

صدر جناب محمد صدیق خاں نے آمدن و آخراجات کی منظوری برائے ماہ دسمبر 2024ء کا ایجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔ جناب محمد علی یاسین بٹ صاحب نے کہا کہ ہمیں اکاؤنٹس کی اتنی بھی تفصیلات نہ بھیجا کریں صرف Summarized شکل میں بھیجا کریں کہ کتنی انکم ہے اور کیا ایکسپینس ہوا ہے اور بینک اکاؤنٹس کی کیا صورت حال ہے تاکہ پورا پڑھا بھی جا سکے۔ پورا ledger بھیجنے کی ضرورت نہیں ہے۔

انجینئر فیصل ایوب صاحب نے کہا کہ میرا ایک پوائنٹ ہے کہ ہم آپ Accounts Comperitive Statement جو بھیجتے ہیں وہ دو مہینے پرانی بھیجتے ہیں۔ میٹنگ مارچ 2025ء میں ہے اور اکاؤنٹس دسمبر 2024ء کے پیش کیے گئے ہیں۔ تب تک ہم بھول چکے ہوتے ہیں۔ ایک ماہ کا گیپ رکھیں۔ دو ماہ کا گیپ بلکل غلط ہے۔ دوسرا میں اکتوبر 2024ء سے آگے کی Comperitive Statement دیکھ رہا ہوں کہ ہم Loss میں جا رہے ہیں۔ سینئر نائب صدر احمد نوید صاحب نے بتایا

کہ اب ہم Profit میں جارہے ہیں۔ جناب انجینئر فیصل ایوب نے کہا کہ ہمیں وہ Sheet شیئر کریں۔ پیش کردہ Sheet کا ہمیں کوئی فائدہ نہیں۔ جوائنٹ سیکرٹری اکاؤنٹس خاور نثار صاحب نے بتایا کہ جس ماہ کے بل چل رہے ہوتے ہیں اور کلیئر ہوئے ہوتے ہیں ہم وہی پیش کرتے ہیں منظوری کیلئے ہم شفل نہیں کر سکتے۔ جناب انجینئر فیصل صاحب نے کہا کہ کم از کم آپ ماہ جنوری 2025ء کی تو پیش کریں۔ اور جو بل کلیئر یا اپروو نہیں ہوئے وہ Pending میں ڈال دیا کریں لیکن ایک ماہ سے زیادہ کے گیپ کی Statements پیش کرنے کا ہمیں کوئی فائدہ نہیں۔

میاں طارق صاحب نے کہا کہ پچھلے سال کا GWMC کا چھ ماہ کا Recieveable Rent تھا جو کہ 19 لاکھ تھا وہ ہمیں موصول ہوا ہے یا نہیں۔ جناب خاور نثار صاحب نے بتایا کہ جولائی 2024ء سے ستمبر 2024ء تک تین ماہ کا رینٹ ہمیں فروری 2025ء میں موصول ہو چکا ہے۔ انجینئر فیصل ایوب صاحب نے کہا کہ یہی بات میں کہہ رہا تھا کہ Latest Statement ہمیں پیش کی جائیں تو ہم کچھ Decision لیں سکیں مزید یہ کہ جان سکیں کہ جو باقی 2019 اور 2022 کے Recieveable ہیں وہ آنے ہیں یا نہیں آنے اور اگر آنے ہیں تو کب آنے ہیں سے متعلق بھی فیصلہ ہونا چاہیے۔ جناب علی ہمایوں بٹ صاحب نے استفسار کیا کہ چیمبر کے اکاؤنٹس میں کتنا ریونیو پڑا ہوا ہے۔ سینئر نائب صدر احمد نوید صاحب نے بتایا کہ چیمبر کے اکاؤنٹس میں تقریباً 1 کروڑ 40 لاکھ روپے اس وقت موجود ہے کیونکہ ممبر شپ رینول بہت تیزی سے ہو رہی ہیں۔

جناب عدیل بخاری صاحب نے استفسار کیا کہ اقبال ہال کی Renovation کا معاملہ کہاں تک پہنچا ہے۔ سینئر نائب صدر جناب احمد نوید نے بتایا کہ Propsal آیا تھا وہ میرے آفس میں موجود ہے۔ چونکہ اس کے بعد کسی نے کوئی رابطہ نہیں کیا تو کوئی پیش رفت نہ ہوئی لہذا میری رائے ہے کہ ایک کمیٹی تشکیل دی جائے جو کہ اس پر فوری طور پر کام شروع کر سکے۔ کمیٹی میں صدر چیمبر رانا محمد صدیق خاں اور مجھ سمیت علی ہمایوں بٹ صاحب، سعد جمیل عرفانی صاحب اور سید عدیل بخاری صاحب شامل ہوں گے۔ جناب عدیل بخاری صاحب نے کہا کہ اس کے ساتھ لفٹ والا معاملہ بھی فوری طور پر حل کیا جائے جس پر سینئر نائب صدر جناب احمد نوید صاحب نے تائید کی کہ بالکل چیمبر میں گراؤنڈ فلور سے فرسٹ فلور تک کم از کم لفٹ ضرور ہونی چاہیے۔ ہاؤس نے متفقہ طور پر کمیٹی کی تشکیل کی منظوری دے دی۔

جناب انجینئر فیصل ایوب صاحب نے ہاؤس کو بتایا کہ چیمبر کی ٹیلی فون ایکسچینج بہت پُرانی ہو چکی ہے۔ لہذا اُسے اپڈیٹڈ ٹیکنالوجی پر شفٹ کرنے کی ضرورت ہے۔ چونکہ پہلے فنڈز کی کمی تھی اب فنڈز کی صورت حال بہتر ہے تو اُس کیلئے اقدامات اُٹھانے کی ضرورت ہے۔ سینئر نائب صدر جناب احمد نوید نے کہا کہ چیمبر متعلقہ سٹاف میرے پاس نئی ایکسچینج کی Detail لے کر آئے تو دیکھ کر جو بہتر ہوا وہ فیصلہ کر لیں گے۔ اس کے بعد ہاؤس نے متفقہ طور پر آمدن واخراجات برائے ماہ دسمبر 2024ء کی منظوری دے دی۔

6۔ ممبر شپ کی موصولہ درخواستوں 20 جنوری 2025 تا 14 مارچ 2025ء کی منظوری

صدر جناب محمد صدیق خاں نے ممبر شپ کی موصولہ درخواستوں 20 جنوری 2025ء تا 14 مارچ 2025ء کی منظوری کا ایجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔ ہاؤس نے متفقہ طور پر ممبر شپ موصولہ درخواستیں 20 جنوری 2025ء تا 14 مارچ 2025ء منظوری دے دی۔

7۔ **گزشتہ مجلسِ عاملہ مورخہ 31 جنوری 2025ء کو پیش کردہ ایجنڈا نمبر 8 کے تحت غلط طریقے سے ممبر شپ حاصل کرنے والے ممبران کی ممبر شپ کو Cease کرنے کے حوالے کمیٹی کی رپورٹ اور فیصلے کی توثیق**

صدر جناب محمد صدیق خاں نے گزشتہ مجلسِ عاملہ مورخہ 31 جنوری 2025ء کو پیش کردہ ایجنڈا نمبر 8 کے تحت غلط طریقے سے ممبر شپ حاصل کرنے والے ممبران کی ممبر شپ کو Cease کرنے کے حوالے کمیٹی کی رپورٹ اور فیصلے کی توثیق کا ایجنڈا اجلاس میں پیش کیا۔ جناب محمد علی یاسمین بٹ نے کہا کہ ہاؤس کمیٹی کی رپورٹ میں پیش کردہ سفارشات پر عمل درآمد کروانے کے فیصلے کی توثیق کرے۔ صدر چیمبر آف کامرس رانا محمد صدیق خاں نے کہا کہ وہ ممبران جنہوں نے اپنی ریٹرنز FBR سے Attest کروا کر جمع کروادی ہیں اور جن ممبران نے اپنا معافی نامہ جمع کروادیا ہے ان دونوں طرح کے ممبران کی ممبر شپ رینول اُن کے متعلقہ کلاس میں استحقاق کے مطابق کی جائیں۔

بائیس ہمہ جن ممبران نے اپنی ریٹرنز FBR سے Attested جمع کروانے سے انکاری ہیں اور اُن کا ریکارڈ بھی مشکوک ہے۔ چونکہ وہ DGTO صاحب سلام آباد کے پاس Petitions دائر کر چکے ہیں لہذا اُن کے خلاف کسی بھی قسم کا فیصلہ DGTO صاحب کے فیصلہ کے بعد کیا جائے گا اور جب تک DGTO صاحب کی طرف سے کوئی فیصلہ نہیں ہو جاتا تب تک ان کی ممبر شپ ہولڈ کر لی جائے اور رینول نہ کی جائے۔

علاوہ ازیں وہ ممبران جن کو بار ہا خط لکھے لیکن کوئی جواب نہ دیا گیا اور نہ کوئی مطلوبہ دستاویزات جمع کروائی گئیں۔ لہذا اُن کی ممبر شپ فوری طور پر Suspend کر دی جائے اور رینول کی آخری تاریخ تک Attested ریٹرنز جمع نہ کروانے کی صورت میں ممبر شپ Cease تصور کی جائے گی۔ اس کے بعد ہاؤس نے متفقہ طور پر کمیٹی کی رپورٹ میں پیش کردہ سفارشات پر عمل درآمد کروانے کے فیصلے کی توثیق کر دی۔

8۔ **دیگر اُمور**

صدر چیمبر آف کامرس رانا محمد صدیق خاں صاحب نے دیگر اُمور کا ایجنڈا پیش کیا۔ جناب حسن ثقلین نے کہا کہ کچھ دن پہلے کچھ میڈیا پرسنیل نے چیمبر کے ممبر اور وزٹر کو آپ کے آفس میں بیٹھ کر ہراساں کرنے کی کوشش کی ہے۔ لہذا اس پر ایکشن لیا جائے تا کہ آئندہ ایسا واقعہ پیش نہ آئے۔ صدر چیمبر رانا محمد صدیق خاں نے ہاؤس سے استفسار کیا کہ کوئی پروپوزل ہے تو دیں اس حوالے سے میاں عتیق الرحمان نے کہا کہ وہ میڈیا کے نمائندے اگر کسی کے ریفرنس میں ہیں تو انھیں اُن کے سامنے بٹھا کر بات کی جائے۔ انجینئر فیصل ایوب صاحب نے میاں عتیق الرحمان کی بات کی تائید کی۔ جناب عادل بٹ صاحب نے کہا کہ میڈیا کا چیمبر

میں الگ سے ڈیسک بنایا جائے انہیں اندر داخل نہ ہونے دیا جائے۔صدر چیمبر نے کہا کہ ایسا مناسب اور ممکن نہیں لہذا اس معاملے پر کوئی نہ کوئی لائحہ عمل تیار کر لیتے ہیں۔ جناب عادل بٹ نے کہا کہ ممبر شپ رینول کیلئے تاریخ کی توسیع کیلئے DGTO کو خط لکھا جائے۔صدر چیمبر رانا محمد صدیق خاں نے بتایا کہ تاریخ کی توسیع کیلئے پہلے ہی لیٹر لکھ کر ارسال ہو چکا ہے۔جس میں 15 اپریل 2025ء کی توسیع کیلئے درخواست کی گئی

ہے۔ جناب سہیل بٹ نے کہا کہ EXPO قریب آ گئی ہے لہذا اس پر مزید کام کو تیز کرنے کی ضرورت ہے۔صدر چیمبر رانا صدیق خاں نے کہا کہ بالکل میں اس پر ہاؤس ممبران کو کہنا چاہتا تھا کہ تمام ہاؤس کے ممبران 63% سٹال جو بک ہو چکے ہیں اُن کے علاوہ بکنگ اور Expo کے انتظامات کیلئے اپنے اپنے Task تقسیم کر لیں تا کہ Expo کو کامیاب بنایا جا سکے اور Footfall کیلئے گوجرانوالہ سے بھی اپنے دوست احباب کو مدعو کریں۔ اس کے بعد Expo کے حوالے سے تفصیلی گفتگو ہوئی۔ ہاؤس نے متفقہ طور پر Tulip Islamabad میں ہونے والی Gujranwala Expo 2025 کے حوالے سے اخراجات کی مد میں آنے والے تمام بلوں کی منظوری کے اختیارات آفس بیریئرز کو تفویض کر دیئے۔

اس کے بعد کوئی امور زیر بحث نہ تھے لہذا اجلاس صدر صاحب کا شکریہ ادا کرتے ہوئے اختتام پذیر ہوا۔

اسفندیار بیگ

قائمقام سیکرٹری جنرل